محلّے مین چند آدمي رهتے هین جنکو مین محتاج سمجهتا هون [48] وقتاً فوقتاً انکو اسمین سے دیتارها بلکہ ایک مرتبہ مین ایک دقّت مین بهي مبتلا هوگیا تها

باپ ـ وہ کیا

بیتا ـ ایک مرتبہ عید کو ایک بڑي بهاري توپي مجهکو امّا جان نے بنادي تهي وهي توپي اوڑهے هوئے مین خالہ جان کے یهان جاتا تها [49] میان مسکین کے کوچے مین پهونچا تو بهت سے چپراسي پیادے ایک گهر کو گهیرے هوئے تهے اور بهت سے تماشائي بهي وهان جمع تهے یہ دیکهکر مین بهي لوگون مین جاگهسا تو معلوم کیا هوا کہ ایک غریب نهایت غریب بوڑهي سي عورت هي اور چهوٹے چهوٹے کئي بچّے هین ـ سرکاري پیادے اسکے میان کو پکڑي لئے جاتے تهے اسواسطے کہ اسنے کسي بنئے کے یهان سے ادهار کهایا تها اور [50] بنئے نے اسپر ڈگري جاري کرائي تهي ـ وہ مرد مانتا تها کہ قرضہ واجب هي مگر کهتا

law. The language is one which easily lends itself to the importation of foreign words for which there is no convenient native representative; and the rise of the vernacular press since the Mutiny has added very considerably to the resources of the language by communising the new terms. When railways were introduced, the term *âhanî sarak* (*chemin de fer*) was adopted; but common-sense eventually decided in favour of *rail* (p. 20, line 10), as the tersest and most convenient. On the other hand, in the case of telegraph office and telegram, the simple terms *târ-ghar* 'wire-house' and *târ kî khabar* 'wire-news,' left nothing to be desired.

[48] *Waqtan fa-waqtan*, 'from time to time.' Very pedantic: *kabhî kabhî* would have been more natural in a boy's mouth.

[49] *Mi'ân Miskîn ke kûche men*, 'in Miân Miskîn (Mr. Pauper) Street,' a name suited to the anecdote which follows. This street, as well as that named at the commencement of the tale, really exists.

[50] *Bani'e ne uspar digrî jârî karâ'î thî*, 'the Baniya had got a decree against him.' The word *decree* has long been naturalised in Urdû, in the sense of "execution." *Appeal* (p. 22, line 14) is another specimen of English law-terms which have superseded the technicalities of Mahomedan

تھا کہ مین کیا کرون اس وقت بالکل تہیدست ہون ـ ہرچند اس بیچارے نے بنئے کی اور سرکاری پیادون کی بہتیری ہی خوشامد کی مگر نہ بنیا مانتا تھا نہ پیادے باز آتے تھے اور پکڑے لئے چلے جاتے تھے لوگ جو وہان کھڑے تھے انھون نے بھی کہا [51] لالہ جہان تمنے اتنے دنون صبر کیا دس پانچ روز اور صبر کرجاؤ تو بنیا بولا ـ [52] اچھی کہی میان جی اچھی کہی برسون کا لہنا اور روج کی ٹال مٹول بھگوان جانے ابھی تو کھانصاحب کی اِجّت اتروائے لیتا ہون

وہ شخص جسپر ڈگری جاری تھی غریب تو تھا لیکن غیرت‌مند بھی تھا بنئے نے جو عزت اتروانے کا نام لیا سرخ ہوگیا اور گھر مین گھس تلوار میان سے نکال چاہتا تھا کہ بنئے کا سر الگ کردے کہ اسکی بیوی اسکے پیرون مین لپٹ گئی اور روکر کہنے لگی خدا کے لئے کیا غضب کرتے ہو [53] یہی تمھارا غصّہ ہی تو پہلے مجھپر اور بچّون پر ہاتھ صاف کرو کیونکہ تمھارے بعد ہمارا تو کہین بھی ٹھکانا نہین ـ مان کو روتا دیکھ بچّے اسطرح ڈاڑہ مارکر روئے کہ میرا دل ہلگیا اور دوڑکر سب کے سب باپ کو لپٹ گئے انکی یہ حالت دیکھکر خانصاحب بھی ٹھنڈے ہوئے اور تلوار کو [54] میان کر کھونٹی سے لٹکادیا اور بی بی سے کہا اچھا تو نیک بخت پھر مجھکو اس بیعزتی سے بچنے کی کوئی تدبیر بتا ـ بی بی نے کہا [55] بلا سے جو چیز گھر مین

Hindûs is that they are foreign to the Nâgrî alphabet. See an example of the mispronunciation of the *z* in the first sentence at p. 135 of Pincott's *Hindî Manual.*

[53] *Yehî tumhârâ gussa hai*, &c., 'If you are so angry as this, first renounce me and the children.'

[54] *Miyân kar*, 'having sheathed.' With this use of *karnâ* compare the phrase noticed at Ch. I. 92

[55] *Balâ se*, 'Confound it,'

[51] *Lâla*: the conventional appellative of the merchant and tradesman class.

[52] In this passage the Baniya's pronunciation is reproduced. Observe the substitution of *j* for *z* in the Persian and Arabic words *roz* and *'izzat*, the faulty sound of *'ain* and *kh*, and the use of the rustic *lahnâ* for *lenâ*. The reason why these letters are mispronounced by ill-educated

هي اسکو دے کر کسي طرح [56] اپنا پنڈ چھڑاؤ تم کسي طرح رہ جاؤ [57] تو
پھر جیسي هوگي دیکھي جائیگي ـ توا چکي پاني پینے کا کٹورا نہین
معلوم کن وقتون کي هلکي هلکي بے قلعي دو پتیلیان بس یهي اس
گھر کي کُلّ [58] کائنات تهي چاندي کي دو دو چوڑیان لیکن ایسي
پتلي جیسے تار اس نیک بخت عورت کے هاتهون مین تهین یہ
سب سامان خانصاحب نے باهر لاکر اس بنئے کے روبرو رکھدیا ـ
اول تو بنیا ان چیزون کو هاتھ هي نہین لگاتا تها لوگون نے بہت
کچھ کہا سنا یہانتک کہ ان سرکاري پیادون کو بهي رحم آیا انهون
نے بهي بنئے کو سمجھایا

[58a] بارے خدا خدا کرکے وہ اس بات پر رضامند هوا کہ پانچ روپئے اصل
اور دو روپئے سود [59] ساتون کے ساتون دیدین تو فارغخطي لکھدے
لیکن خانصاحب کا کُلّ اثاثہ چار ساڑھے چار سے زیادہ کا نہ تها تب
پھر گھر مین گئے اور بي بي سے کہا کہ ڈھائي روپئے کي [60] کسر رهگئي

---

[57] *To phir jaisî hogî dekhî-jâegî*, 'and then we shall see what can be done.' See Note 7 above. The word *bât* may be supplied here.

[58] *Kâ'inât*, lit. 'existing things,' here used as a singular, in the sense of 'property.' See Ch. X. 88.

[58a] *Bâre Khudâ-Khudâ-karke*, 'At length, after much entreaty,' *lit.* calling upon God. For this use of the conjunctive participle, see Platts, § 431.

[59] *Sâton ke sâton*, 'the whole seven rupees,' or *pûre sât rupa'e*, as it is expressed on the next page.

[60] For *kasr*, see Ch. II. 57; X. 90.

'Bother take it,' or some such expression may answer the purpose. Impatience, reckless indifference, contempt, &c. are the ideas usually connected with this phrase, which has already been noticed at Ch. V. 25, and occurs several times further on. The following is from the Alf-Laila (p. 14, Cawn. edit.): *Balâ se tû jî yâ mar*, 'Who cares a button whether *you* live or die!' I add an illustration from Nazîr (vol. i. 26): *Âne do balâ se jo bahâr â'î hai kambakht*, 'Now that spring has come, let it come and be hanged to it!'

[56] *Apnâ pind chhurâo*, 'get yourself out of his clutches.' The literal meaning of *pind* is 'body.'

هي توبي بي نے کہا اب تو کوئي چيز بهي ميرے پاس نهين هان لڑکي کے کانون مين چاندي کي باليان هين ديکهو جو انکو ملاکر پوري پڑے – وه لڑکي کوئي چهه برس کي تهي بس[61] بعينه جتني هماري حميده مان جو لگي اسکي باليان اتارنے تو وه لڑکي اس حسرت کے ساتهه روئي کہ مجهسے ضبط نهوسکا اور مين نے دل مين کہا.کہ الهي اس وقت مجهسے کچهه بهي اسکي مدد نهين هوسکتي فوراً دل مين آيا کہ ايک روپيه اور کوئي دوآنے کے پيسے تو نقد ميرے پاس هين ديکهون توپي بک جائے تو شايد خانصاحب کا سارا قرضہ چک جائے – بازار تو قريب تها هي فوراً مين گلي کے باهر نکل آيا رومال تو سر کو لپيٹ ليا اور توپي هاتهه مين لے ايک گوٹے والے کو دکهائي اسنے چهه کي آنکي[62] مين نے بهي چهوٹتے هي کہا لا بلا سے چهه هي دے – غرض چهه وه اور ايک ميرے پاس نقد تها هي ساتون روپئے لے مين نے چپکے سے اس عورت کے هاتهه پر رکهدئے

تب تک پيادے خانصاحب کو گرفتار کرکے ليجاچکے تهے اور گهر مين رونا پيٹنا مچ رها تها دفعةً پورے سات روپئے هاتهه مين ديکهه اس عورت پر[63] ايک شادي‌مرگ کي سي کيفيت طاري هوگئي اور اس خوشي مين اسنے کچهه نهين سوچا کہ يهه روپيه کيسا هي اور کسنے ديا هي – فوراً اپنے همسايه کو روپيه ديکر دوڑايا اور خود بچون سميت دروازے مين آ کهڑي هوئي بات کي بات مين خانصاحب چهوٹ آئے تو بچون کو کيسي خوشي کہ کوديں اور اچهلين کبهي باپ کے کندهے پر اور کبهي مان کي گود مين اور کبهي ايک پر ايک

---

[61] *Bi-'ainihi jitnî*, 'exactly the same age as.' See Ch. IV. 27.

[62] *Main ne bhî chhûtte hî kahâ lâ balâ se chha hî de*, 'I said directly, Deuce take it, hand over the six rupees.' See Ch. VIII. 30.

[63] *Ek shâdî-marg kî sî kaifiyat*, 'a look like that of death from over-joy came over her.' *Shâdî-marg honâ*, in Nazîr, means 'to be over-joyed' simply.

اب اس عورت کو میرا خیال آیا اور بچون سے بولي کم بختو کیا اودهم مچائي هے (اور میري طرف اشاره کرکے کہا) دعا دو اس الله کے بندے کي جان و مال کو جسنے آج باپ کي اور تم سب کي جانین رکهلین [64] نہین ٹکڑا بهي مانگا نہ ملتا کوئي چچا یا مامون بیٹها تها کہ اسکو تمهارا درد هوتا اور اس مصیبت کے وقت تمهاري دستگیري کرتا صرف ایك باپ کے دم کا سهارا کہ الله رکهے اُسکے هاتهہ پانؤن چلتے هین تو محنت سے مزدوري سے خدا کا شکرهي روکهي سوکهي روز کے روز دو وقت نہین تو ایك هي وقت ملي تو جاتي هي - همارے حق مین تو یہہ لڑکا کیا هي رحمت کا فرشتہ هي نہ جان نہ پہچان نہ رشتہ نہ ناتا اور اس الله کے بندے نے بهر مُٹّهي روپئے دیکر آج هم سب کو نئے سر سے زنده کیا

وه بچے جس شکرگزاري کي نظر سے مجهکو دیکهتے تهے اسکي مسرّت اب تك مین اپنے دل مین پاتا هون روپیہ خرچ کرنے کے بعد مجهکو عمر بهر ایسي خوشي نہین هوئي جیسي کہ اسدن تهي - مگر دونون میان بي بي کے ذهن مین اسوقت تك یہہ بات نہین آئي تهي کہ مین نے روپیہ انکو دیدیا وه سمجهے تهے کہ قرض کے طور پر دیا هي - وه عورت مجهکو اپنے گهر مین لیگئي اور ٹوٹي سي ایك چوکي پڑي تهي مین هرچند منع کرتا رها جلدي سے اسکو اپنے دوپٹے سے جهاڑ مجهکو بیٹهنے کا اشاره کیا اور میان سے بولي [65] نوج کوئي تم جیسا بے خبر هو کهڑے کیا هو جاؤ ایك گلوري بازار سے میان کے لئے لگوا لاؤ

مین - نہین مین پان نہین کهاتا تکلیف مت کرو

---

[64] *Nahîn (to) tukrâ bhî mângâ na miltâ*, 'had he not done this, you would not have got even a borrowed bit of bread.'

[65] *Nauj koî tum jaisâ be-khabar ho*, 'God forbid anyone should be as thoughtless as you.' Ch. V. 37.

عورت ـ بیٹا [66] تمھاري خدمت مین اور همکو تکلیف جي چاهتا هي کہ آنکھین تمھارے تلوون مین بچھادون ـ [67] قربان اسن پیاري پیاري صورت کے نثار اس بھولي بھولي شکل کے ـ بیٹا تم یہہ تو بتاؤ کہ تم هو کون

مین ـ میري خالہ میان صابر بخش کي سرائي مین رهتي هین

عورت ـ پھر بیٹا یہہ اپنا روپیہ تم همسے کب لوگے هم اپنا اور بچون کا پیٹ کاٹینگے اور تمھارا قرضہ سب سے پھلے اداکرینگے مگر کام اندنون مندا هي دینگے تو هم جس طرح بن پڑیگا دو هي مهینے مین مگر جهان تمنے اتني مهرباني کي هي اتنا سلوك اور کرو کہ دو روپئے مهینا لے لیاکرو

مین ـ آپ روپئے کے اداکرنے کا کچھہ [68] فکر نہ کیجئے مین نے لینے کي نیُت سے نهین دیا

یہہ سنکر تمام خاندان کا اتنا خوش هوا کہ مین بیان نهین کرسکتا اور مین انمین اس وقعت کے ساتھہ بیٹھا هوا تھا جیسے خوشدل اور شکرگزار رعایا مین کوئي بادشاہ یا [69] حلقہء مُریدان ارادتمند مین کوئي پیر و مُرشد ـ اس عورت کے منھہ سے مارے خوشي اور شکرگزاری کے بات نهین نکلتي تھي باربار میري بلائین لیتي تھي اور میرے هاتھون کو چومتي اور آنکھون کو لگاتي

---

[66] *Tumhârî khidmat men aur hamko taklîf*, 'The idea of trouble to us in your service!' Compare Ch. I. 122.

[67] *Qorbân, nisâr*: these words, like Mir Amman's favourite *tasadduq*, denote devotion to the interests of another by self-sacrifice of one kind or another. The dependent genitives are objective.

[68] *Fikr*: the gender of this word is disputed. Here it is masculine, in accordance with the usage of the Dehli school. The word occurs nine times in this tale, and is feminine in three stances only out of the nine. Nazîr uses *fikr* in the masculine; *e.g.* the refrain of his poem on Flour and Pulse: *sab ke dil ko fikr hai din rât âte dâl kâ*. Vol. iv. 126. To the best of my recollection, the word is always feminine in the *Alif Laila* and the *Bâg-o-Bâhar*.

[69] *Halqa-i-murîdân-i-irâdat-mand men*, 'in a circle of devoted devotees.'

تهي [70]اسي كي بلاؤن مين رومال سر پر سے کِهسك گيا تو اسنے
ديكها كہ ميرے سر پر توپي نهين پوچها تو مجهكو كهنا پڑا كہ وهي توپي
بيچكر مين نے روپيہ ديا پهر تو اسكا يہ حال تها كہ [71]بچهي جاتي تهي -
[72]سات روپيہ كي بهي كچهہ حقيقت تهي مگر اسنے مجهكو سيكڑون
هزارون هي دعائين دي هونگي اسنے جو اتني احسانمندي ظاهر كي.
مين اُلٹا اسيكا ممنون هوا جس قدر خوشامد كرتي تهي مين شرمنده
هوتا تها اور جتنا وه عاجزي سے پيش آتي تهي [73]مين زمين مين گڑا
جاتا تها

غرض مين وهان سے رخصت هوا تو توپي نهونے كي وجہ سے سيدها
گهر لوٹ ايا [74]عين گلي مين بهائي جان سے ملاقات هوئي اُنهون نے
ميري [75]هيئت كذائي ديكهكر تعجب كيا اور پوچها كہ اَيْن كيا توپي
كے بدلے چنے لے كهائے - مين نے كچهہ جواب نهين ديا اسواسطے كہ
مجهكو اس بات كا ظاهر كرنا منظور نہ تها - شام كو بهائي جان سے اور
امّا جان سے تكرار هوئي بهائي جان كچهہ روپئے مانگتے تهے اور امّا جان
كهتي تهين بيٹا ان فضول خرچيون سے گهر كئي دن چليگا لو پرسون
مين نے تمكو چار روپئے دئے تمنے چارون كے چارون برابر كئے ناخن بهر
چيز تم گهر مين لائے هو تو تبادو اتنا چٹورپن ايسا اسراف - بهائي جان
نے كها مين چٹورا نهين هون چٹورے تمهارے منجهلے صاحبزادے

---

[70] *Usî kî balâ'on men*: the phrase is tersely put for *usî ke balâ'en-lene men*, with reference to *balâ'en letî thî* in the preceding clause, and may be translated: 'in the midst of her operations.'

[71] *Bichhî jâtî thî*, 'was grovelling on the floor'—the posture of extremest humility or devotion.

[72] *Sât rûpaya kî bhî kuchh haqîqat thî*, 'it was true that I gave her seven rupees.'

[73] *Main zamîn men garâ jâtâ thâ*, 'I was rooted to the earth (with shame).'

[74] '*Ain galî men*, 'right in the middle of the lane.' See Ch. IV. 27.

[75] *Hai'at-kazâ'î*: lit. 'appearance like that,' in other words, 'the condition I was in.' This curious Arabic compound will be met with again at Ch. X. 66.

هين جنكو تم بڑا مولوي سمجھتي هو كہ سر كي ٹوپي تك بيچكر كھاگئے

اماجان نے مجھكو بلاكر پوچھا - مين نے كہا اگر بيچكر كھاجانا ثابت هوجائے تو جو چور كي سزا وہ ميري سزا

اماجان - پھر كيا كهين كھودي

مين - كھوئي بھي نهين

اماجان - بھائي تو تو عجب تماشے كا لڑكا هي بيچي نهين كھوئي نهين پھر ٹوپي گئي تو كہان گئي

مين - اگر آپ كو ميري بات كا اعتبار هي تو بس سمجھ ليجئے كہ مين نے كهين اسكو بيجا طور پر صرف نهين كيا

اماجان - [76] اگر يهي تمهارے لچّھن هين تو تمنے پڑھ لكھكر ڈبويا -

مين اسوقت عجب مشكل مين مبتلا تھا ظاهر كرنے كو جي نهين چاهتا تھا اور بے ظاهر كئے بن نهين پڑتي تھي - [77] گويم مشكل و گر نگويم مشكل - مگر مجھكو يقين تھا كہ جب ميرا معاملہ پاك صاف هي تو گو بالفعل بھائي جان كے كهنے اور ميرے چُپ رهنے سے امّا جان كو ايك بدگماني سي هوگئي هي ليكن كبھي نہ كبھي ضرور انكے دل سے خدشہ دفع هو هي جائيگا اَوْر كچھ نہوگا تو ميرے اگلے پچھلے فعلون كو ديكھكر اتنا تو جيمين سمجھ لينگي كہ بيٹا بدراہ نهين هي نهين معلوم ٹوپي كا كيا بھيد هي - سو خدا كي قدرت ايك هفتہ بھي نهين گذرا تھا كہ صالحہ بيمار پڑي تو اماّجان اسكي عيادت كو گئين مين انكے ساتھ تھا - ابھي اماجان سواري سے نهين اتري تھين كہ ادھر سے وهي خانصاحب چلے آرهے تھے مجھكو

---

[76] *Agar yehî tumhâre lachchhan hain to tumne parh-likhkar duboyâ*, 'If these are your manners, you have wasted your time on education.' The phrase *khrâbî ke lachchhan*, 'evil ways,' occurs in the next chapter.

[77] Translate: 'It is equally hard for me to speak or not to speak.'

دیکھکر دور ھي سے دعائین دینے لگے اور ایسے تپاك اوردلسوزي کے ساتھہ میري خیر و عافیت پوچھي کہ جیسے کوئي اپنا بزرگ اور اپنا عزیز دریافت حال کرتا ھي - خیر مین نے مناسب حالت جواب دیا اماجان آخر یہہ سب باتین پردے کے اندر بیٹھي ھوئي سن رھي تھین [78] اترتے کے ساتھہ ھي مجھسے پوچھا علیم یہہ کون شخص تھا جو تمسے باتین کرتا تھا

مین - یہہ ایك خانصاحب ھین اور میان مسکین کے کوچے مین رھتے ھین بس مین اسي قدر جانتا ھون

اماجان - لیکن باتین تو تمسے ایسے گرویدہ ھو ھوکر کرتے تھے کہ گویا برسون کي جان پہچان ھي

مین - نہین - شاید انکو میرا نام بھي معلوم نہین

اماجان - پھر تمھارے ساتھہ ایسے خلوص سے کیون پیش آئے

مین - بعض لوگون کا دستور ھوتا ھي کہ ذرا سے تعارف مین بھي بڑے تپاك کے ساتھہ پیش آیا کرتے ھین

اگرچہ میرے جواب سے اماجان کي تشفي نہین ھوئي مگر انکو اندر جانے کي جلدي تھي چلي گئین - خانصاحب نے کھین اپنے گھر مین میرا تذکرہ کیا مین تو گھر چلا آیا مگر غالب ھي کہ انکي بیوي اماجان کے پاس گئین اور میرے اس ٹوپي بیچنے اور روپیہ دینے کا تمام ماجرا بیان کیا پھر جو اماجان آئین تو مجھسے کھنے لگین علیم [79] ھمنے تمھاري چوري آخر پکڑي پر پکڑي مین نے حیران ھوکر پوچھا کہ میري چوري

اماجان - جي ھان چوري

---

[78] *Utarte ke sâth hî*, 'as she was in the act of alighting.'. For the grammar of this phrase, see Ch. IV. 43.

[79] *Hamne tumhârî chorî âkhir pakrî par pakrî*, 'I have at last discovered your theft, aye, that I have.' Ch. III. 14.

مین ـ بھلا مین بھي سنون
اماجان ـ کیون ـ تم پہلے توپي کا حال بتالو تب مجھسے اپني چوري کي حقیقت سنو
اتنا کہنے سے مین سمجھہ گیا اور ھنسکر چپ ھورھا
باپ ـ بیشك جتني باتین تمنے بیان کین داخل ھمدردي ھین خصوصاً یہہ خانصاحب کا قصہ ھمدردي کي ایك اعلیٰ درجے کي مثال ھي لیکن [80] چشمے سے پہلے وہ مقامات سیراب ھونے چاھئین جہان سے وہ چشمہ نکلا ھي ـ اسیطرح پہلے اپنے عزیز و اقارب نیکي اور سلوك کے مُسْتَحِق ھین
بیتا ـ مین، خدا کا شکر کرتا ھون کہ میرے قریب کے رشتہ دار میرے سلوك کے حاجتمند نہین ھین اور خدا نے انکو مجھسے بے نیاز اور مُسْتَغْني کیا ھي
باپ ـ کیا سلوك صرف روپیہ پیسے ھي کے دینے سے ھوتا ھي
بیتا ـ مین تو ایسا ھي سمجھتا تھا
باپ ـ نہین ـ جو جس چیز کا حاجتمند ھي اسکا رفع حاجت کرنا ھمدردي اور نفع رساني ھي ـ ھمارا خاندان دینداري سے بے بہرہ اور خداشناسي سے بے نصیب ھي اور شیوۂ خداپرستي مین ھر ھر متنفس کو تعلیم و تلقین کي حاجت اور وعظ و نصیحت کي ضرورت ھي ـ تمنے اس فرض کو ادا کرنا تو [81] درکنار ابھي تك فرض ھي نہین سمجھا
بیتا ـ آپ بجا فرماتے ھین مجھسے بڑي غلطي ھوئي

---

[80] *Chashme se pahle woh muqâmât serâb hone châhi'en jahân se woh chashma niklâ hai*, 'The places where the fountain issues ought to be first watered by the fountain.' For *châhi'en*, see Platts, § 439. Note also the use of the 'past proximate' *niklâ hai*, where the English idiom prefers the present tense.

[81] *Dar kinâr.* See Ch. II. 64.

باپ ـ اورِ تمسے کهيںٌ زياده غلطي ميري هي ـ بهرکيف اب بهي تلافئ مافات کرني ضرور هي اور مين نے مصمم اراده کرليا هي که اپنے گهر مين کسيکو لايعني طور پر زندگي نه کرنےدون اگرچه مين اس بات کو نهايت حسرت و افسوس کے ساته تسليم کرتا هون که اب اصلاح کا وقت باقي نهين اور ميرا عزم عزم بےهنگام هي ليکن اگر تم ميري مدد کرو تو مين کاميابي کي بهت کچه اميد کرسکتا هون

بيٹا ـ انشاءالله آپ مجهکو نافرمان بيٹا اور [82] ناخلف فرزند نهين پائينگے مگر مجهکو حيرت هي که مين آپکي کيا مدد کرسکونگا

باپ ـ تمهارا يهي مدد کرنا هي که بس تم دينداري کا نمونه بنجاؤ اور اگرچه معلوم هوتا هي که اندنون تمنے بضرورتِ امتحان [83] موسمي توبه کررکهي هي ليکن مناسب يه هي که گنجيفه شطرنج کبوتر کنکوّا [84] بٹير مرغ تمام مشاغل لايعني کے ترک کا عهدِ واثق کرو

بيٹا ـ يه تو سراسر ميري منفعت کي بات هي اور اگر مين اسمين کسي طرح کا انکار کرون تو آپکي نافرماني اپني خرابي خدا کا گناه دنيا کي بدنامي عاقبت کي رسوائي کوئي پهلو بهي تو اچها نهين ـ اور اگر بالفرض آپ کوئي ايسي بات بهي فرماتے جسمين ميرا نقصان هوتا تاهم مجهکو سوا‌ے تعميل ارشاد کيا چاره تها ـ بنده اور خدا غلام اور مالك رعيت اور پادشاه نوکر اور آقا بي بي اور شوهر

Cock-fighting used to be a favourite sport among natives of rank in India. One of the most interesting of the old prints in the Royal Aquarium Gallery represents a scene in which the Nawwâb Vizier of Lucknow and a well-known English sportsman of the day are having a match between their birds.

[82] *Nâ-khalaf*, 'undutiful,' lit. 'a son who is not a son.' *Khalaf* is a verbal from the same root, خلف 'to succeed,' as *khalîfa*, the title of the successors of the Prophet.

[83] *Mausimî tauba*, 'a temporary abstention' (from the amusements named in the next clause).

[84] *Bater murg*, 'quail and cock-fighting.' See p. 59, line 9.

شاگرد اور اُستاد بیٹا اور باپ مین تو جانتا هون یهہ سب کچهہ ایک هي طرح كي نسبتین هین اور مین وعده کرتا هوَن کہ انشاءاللّٰه میرا طرز زندگئ آینده ایسا هي هوگا جیسا آپکو منظور هي

باپ ـ [85]بارك اللّٰه و جزاك اللّٰه بس تمنے آج مجھکو [86]مُطْمَئِنّ کردیا خدا تمکو دنیا اور دین دونون مین سرخرو رکھے ـ اچھا اب جاؤ اپنا کام کرو ذرا اپنے بڑے بهائي کو میرے پاس بھیجدینا

بیٹا ـ شاید آپ یهي گفتگو اُنسے کرني چاهتے هین

باپ ـ ضرور

بیٹا ـ [87]اگر بالمشافهہ انسے گفتگو نهوتي تو میرے نزدیك بهتر تها

باپ ـ تمهارا خوف بیجا نهین هے مین کئي دن سے اس بات مین غور کررها هون آخرکار یهي تجویز ٹهیري کہ ایك دفعہ مجھکو رو در رو [88]اِتْمامِ حُجّت کردینا ضرور هے

---

to produce the sound of the long vowel; hence the word is very commonly written اطمینان in Urdû.

[87] *Agar bi-l-mushâfaha*, &c., 'It were better, in my opinion, if you had not talked with him lip to lip.' According to the native idiom, the son speaks of the result of the interview as if it had taken place.

[88] *Itmâm-i-hujjat*, 'an end of the discussion.' Cf. the expression at p. 37, line 5. See also Ch. IX. 17.

[85] *Bâraka-llâh wa jazâka-llâh*, 'God bless and reward thee!'

[86] *Mutma'inn* (Ch. I. 69) is the *ism-i-fâ'il*, Form IV., from the quadriliteral root طمأن 'to lean back.' The *alif-hamza* of the root is changed to ئ in the derivative, because preceded by *fatha* and sounded with *kesra*. In اطمئنان — the verbal noun inf. of the same form—the same change occurs, and the *kesra* of the 2nd radical combines with the quiescent ئ

ساتوان باب

غرض علیم رخصت هوکر [1]مردانہ مکان مین گیا تو میان کلیم کو پیام طلب جاسنایا

کلیم ـ کیا هي خیریت تو هي آجکل تو هم لوگون پر بڑي عنایب هي

علیم ـ بهلا کبهي عنایت نهین بهي تهي

کلیم ـ [2]اسکو کوئي سلیم سے پوچهے

اتنے مین سلیم بهي دروازے سے نمودار هوا مگر اس سے پهلے وه اپنے سر منڈا چکا تها اوز اس خیال سے کہ ایسا نهو بڑے بهائي جان دیکهہ لین چاهتا تها کہ چپکے چپکے دبے پاؤن [3]گهر مین گهُس جائے لیکن جون هي بیچارے نے دروازے کے اندر قدم رکها تها کہ کلیم نے آواز دي ـ سلیم تو بهائي کي آواز سنکر کانپ اُٹها اور سمجها کہ [4]سر

[1] *Mardâna-makân.* See the house-plan in the Appendix. 'Alîm came from the zenâna.

[2] This remark refers to the harsh treatment the boy received at some former period, before his father was ill.

[3] *Ghar*: the inner house or zenâna. Salîm had come in by the street-door, with the intention of slipping past his brother's quarters unperceived.

[4] *Sir mundâte hi ole pare*, 'He had no sooner had his head shaved than the hail fell.' *Jaun sir mundâyâ taun ole pare* is another form of the proverb.

مُنڈاتے هي اولے پڑے مگر منجھلے بهائي کو بیٹھا هوا دیکھکر کسي قدر دم مین دم آیا اور پاس آکر بے پوچھے کہنے لگا کہ ابّاجان کے حکم سے مین نے آج بال مُنڈوادئے

بڑا بهائي (منجھلے کي طرف مخاطب هوکر) - [5]صورت ببین حالش مپرس - ایك شفقت پدري تو یهہ هي کہ بیچارے کي اچھي خاصي صورت کو لیکر بگاڑدیا اور برسون کي کمائي خاك مین ملوادي - کیون سلیم تمهارا دل تو بالون کیواسطے بہت کُڑھا هوگا

چھوٹا بهائي - مین تو خود ایك مدت سے بالون کے منڈوا دینے کي فکر مین تها بلکہ شاید آپکو یاد هو ایك مرتبہ سر کھولکر حجام کے روبرو بیٹھہ گیا تها آپ خفا هونے لگے تو مین اُٹھہ کھڑا هوا

بڑا بهائي - آها اب مجھکو یاد آیا کہ تمهارے ان چار یارون نے جنکو مین مکر و فریب کے [6]عناصر اربعہ سمجھتا هون تمکو بہکایا تها

چھوٹا بهائي - آپ ناحق ان بیچارون کو برا کہتے هین وهي بات تو ابّاجان نے بهي کهي

بڑا بهائي - ابّاجان نے ابهي بیماري سے اُٹھکر کهي یا کبهي پہلے بهي کهي تهي

---

hand, is a type of the more tolerant and enlightened members of the community, who, without quitting the old grooves entirely, are not averse from taking advantage of the opportunities of progress.

[6] *'Anâsir arb'a*, 'the four elements.' Kalîm, as will be seen further on, knows little of Arabic, but, after the manner of his class, makes a show of learning.

[5] Persian: 'Look at his appearance—don't ask his condition.'

Kalîm's habit of quotation, which amusingly diversifies the dialogue in this and in Chapters X., XI., and XII., is true to life. An acquaintance with Persian and Persi-Urdû poetry is much affected by Indian Mahomedans, who live, as a class, in the past alone, so far as literature is concerned. 'Alîm, on the other

چھوٹا بھائي - نہین پہلے تو کبھي کچھہ نہین کہا

بڑا بھائي - پھر سمجھہ لو کہ ابّا جان کو خلل دماغ ھي - مین نے تو شُروع ھي مین کہدیا تھا کہ ڈاکٹر نے جو اسہال بند کرنے کي دوا دي ھي [7]ابخرے دماغ کو چڑھہ گئے ھین

منجھلا بھائي - یہہ کیسي بات آپ کہتے ھین ابھي مین ابّا جان کے پاس سے چلا آتا ھون دو گھنٹے تک برابر مجھہ سے گفتگو کرتے رھے - میرے نزدیک تو انکے خیالات پہلے سے کہین عمدہ اور معقول ھوگئے ھین

بڑا بھائي - سنتا ھون کہ اندنون نماز بہت پڑھا کرتے ھین

منجھلا بھائي - تو کیا اسیکو آپ نے خلل دماغ قرار دیا

بڑا بھائي - [8]کیا خلل دماغ کے سر مین سینگ لگے ھوتے ھین - [9]بیمار ھوکر اُٹھے تھے کوئي بڑا بھاري جلسہ کرتے کہ شہر مین نام ھوتا اُٹھے بھي تو اونگھتے ھوئے - دو چار مرتبہ مین نے انکو مسجد مین نماز پڑھتے دیکھا ھي - [10]یہہ نوري جولاھا تو امام بنتا ھي - اور محلّے کے سقّے حجّام کُنجڑے مسجد کے مسافر اس قسم کے لوگ اُسکے مُقْتَدي ھوتے ھین اور انھین مین یہہ حضرت بھي جاکر شریک نماز ھوتے ھین - بھائي مین تو تمسے سچ کہون یہہ دیکھکر مجھکو اس قدر

---

[9] *Bîmâr hokar uthe the,* &c.: 'When he rose from his bed of sickness, he might have given a large party, which would have been the talk of the town; when he did rise, he was like a person in a dream.'

[10] A proverbial sarcasm—'the enlightened weaver turns Imâm'—the point of which consists in the fact that the weaver class is notorious for ignorance.

[7] (*Uske*) *abkhire,* 'the fumes arising from it.' The word is doubly plural. The Arabic singular is *bukhâr.*

[8] *Kyâ khalal-i-dimâg ke sir men singh lage hote hain*: a parody on the proverb *pâgal ke kyâ sir singh hote hain,* 'have fools horns?' of which the meaning is that there is no need of distinguishing marks to recognise a fool.

شرم آتي هي كہ مين نے اُدهر كا رستہ چلنا چهوڑديا ـ اور يہ [11] ملّانے جو خدا كي قدرت همارے ابّاجان كے همنشين بنے هين [12] اس قدر تو ذليل اوقات هين كہ [13] دعوت كے لقمون اور مسجد كي روٹيون پر تو انكي گذر هي مگر مغرور بهي پرلے هي سرے كے هوتے هين كبهي راه مين مٹهبهيڑ هوجاتي هي تو خير يہ تو مجال نهين كہ سلام نكرين ليكن اتنے بڑے تڑے كہ [14] بندگي نہ آداب نہ تسليم ـ دور هي سے [15] السّلام عليكم كا پتهر كهينچ مارتے هين هاتهہ يہ نهين اٹهاتے سر يہ نهين جهكاتے اور [16] اسپر طره يہ كہ سو قدم سے مُصافحے كو هاتهہ پهيلاكر لپكتے هين

[17] دراز دستی اين كوتہ آستينان ببين

سليم تمكو صرف سر هي مُنڈانے كا حكم تها يا نماز كي بهي هدايت هوئي هي

چهوٹا بهائي ـ جناب نماز كے لئے تو سخت تاكيد كي هي كہ خبردار كسي وقت كي قضا نهونے پائے اور اسكے علاوه كنكوا اڑانا

---

[11] *Mullânâ*: a form of *mullâ* or *maulâ*, used in the contemptuous sense of our term 'wise-acre.'

[12] *Is qadr to zalîl-i-auqât hain*, 'are so poorly off.'

[13] *Da'wat*: the reference is to feasts of the kind called *Biryânî* (meat fried in rice), which are provided by the charitable for pauper *habitués* of the mosques. Comp. Ch. IV. 49.

[14] *Bandagî, âdâb, taslîm*: three forms of salutation used by inferiors; *'arz karûn*, 'I would express,' is generally added to the two last. The first *na* is idiomatically omitted before *bandagî*. Comp. Ch. X. 94.

[15] *As-salâm 'alaikum*, 'Peace be on you,' the usual Moslem greeting, which is here amusingly said to be flung at the recipient's head.

[16] *Aur ispar turra yeh kih*, &c., 'and, to crown all, they spring forward a hundred paces with outstretched paws to shake hands with you.' *Turra* literally means a 'crest,' or 'ornament in the turban'; as in *Nazîr* (vol. iv. 45), *saron par turra sunahrî jhamakte phirte hain.*

[17] Persian: 'Behold the long-handedness of these short-sleeved ones (beggars).' The aptness of the quotation consists in the allusion to *hâth phailâkar*, the gesture of a mendicant.

شطرنج کھیلنا، جانورون کي لڑائي مين شريک هونا جھوٹھ بولنا قسم
کھانا بیهوده بات بکنا برے لڑکون مین بیٹھنا ان سب باتون سے منع
کیا هي

بڑا بھائي — کیون نهین تمسے ایک هي بات کهدي که [18]مر رهو
منجھلا بھائي یه جملہ سنکر بے اختیار هنس پڑا اور کهنے لگا که
کیا آپ کے نزدیک ان شرطون کي تعمیل کرنا اور مرنا دونون برابر
هیي

بڑا بھائي — جب تمام کھیلون کي ممانعت اور لوگون سے ملنے
اور بات کرنے کي بندي هوئي تو تم هي انصاف کرو که ایسے جینے
اور مرنے مین کیا امتیاز هوسکتا هي

زندگی زندہ‌دلی کا هی نام   مُردہ‌دل خاک جیاکرتے هین

منجھلا بھائي — مین تو سمجھتا هون که هماري بالفعل کي
زندگي کي نسبت اس طرح کي زندگي مین جو ابّا جان تعلیم کرتے
هین روحي مَسَرَّت زیاده هي اگرچه مین کھیل کود کي چیزون مین
خصوصاً اندنون کم مصروف هوتا هون اسواسطے که مدرسے کے کام سے
فرصت نهین ملتي مگر جتنا مصروف هوتا هون اس سے سواي
کوفت اور کبیدگي کے مین توکوئي نتیجه نهین دیکھتا — رها یار دوستون
کا مَشْغَلہ سو مین انمین سے کسیکو کسیکا دوست نهین سمجھتا — بھلا
کوئي سے دو ایسے بتائیے [19]جنمین هر روز تُوتُو مَیْن مَیْن کي نوبت
نه پهونچتي هو

---

18 *Mar-raho*: the peculiar force of this verb is best explained by Kalîm himself, in the couplet which he quotes a few lines below, viz. *zindagî zinda-dilî kâ hai nâm: murda-dil khâk jiyâ-karte hain*, 'Life is a name for lively-heartedness: the dead-hearted do not live at all.'

For *khâk*, see Ch. I. 79.

19 *Jin men har roz tû tû main main kî naubat na pahûnchtî ho*, lit. 'between whom a turn at Thou! Thou! and I! I! does

بڑا بھائي – پھر بھي يہ لوگ ان حجّامون اور کنجڑون اور مسجد کے مسافرون سے بہتر ھين جو نمازين پڑھ پڑھ کر شريف بننا چاھتے ھين

[20] زنہار از ان قوم نباشي کہ فريبند حق را بسجودے و نبي را بدُرودے

منجھلا بھائي – اگر شريف ايسے ھي ھوتے ھين جيسے ھم اور ھمارے يار دوست ھين تو ميرے نزديک ايسي شرافت پر کوئي معقول پسند آدمي ناز نہين کرسکتا – کونسي بيھودگي ھے جو ھم لوگ نہين کرتے خصوصاً جبکہ اکٹھے ھون کونسي بے تہذيبي ھي جسکے مرتکب ھم نہين ھوتے خاص کر اُس وقت کہ ايک دوسرے سے ملين دھول دھپّا [21] لامْ کاف چھيڑ چھاڑ مارکُٹائي دھينگامُشتي ھاتھا پائي کس خاص چيز کا نام لون – ايک جلسہ اور دنيا بھر کي تفضيح ايک مجمع اور زمانے کي رُسوائي نام کے شريف اور پاجيون کي سي عادت کھنے کو بھلے مانس اور بازاريون جيسي طبيعت

بڑا بھائي – [22] چلو خير معلوم ھوتا ھي کہ تم تو بيعت کرنے کو طيّار بيٹھے ھو

منجھلا بھائي – طيار کيسا ابھي تو بيعت کئے چلا آتا ھون

بڑا بھائي – [23] سليم تم اپني کہو

---

not occur daily'; that is to say, 'who do not squabble every day.' *Tû tû karnâ* corresponds to the French *tutoyer*.

The tense used is the 'present dubious.'

[20] Persian: 'Beware you be not of that class of people who deceive God by worship and the Prophet by praise.'

[21] *Lâm-kâf*, 'abuse,' or 'calling names,' which begin with the letters *lâm* or *kâf*, e.g. *lûlû* (VI. 25), or *kuttâ*, 'dog.' Fallon takes the word to be a contraction of the Persian *lâf-guzâf*.

[22] *Chalo khair*: this corresponds to our ironical phrases, 'Pray go on!' 'Go on, do!' or 'Bravo!' The phrase has already occurred at p. 109, line 9.

[23] *Salîm tum apnî* (*bât*) *kaho*, 'Salîm, speak for yourself.'

چھوٹا بھائي ـ [24] جناب مین انسے پہلے منڈچکا ھون

بڑا بھائي! ـ تمھارا منڈنا سند نہین ـ تمھارا معاملہ ـ [25] ورنہ ستاني بستم میرسد ـ کا معاملہ ھي مگر (منجھلے بھائي کي طرف اشارہ کرکے) انکو توڑا تو ابھون نے اپنے نزدیک [26] بڑا کفر توڑا ـ رھگیا اکیلہ مین

منجھلا بھائي ـ آپ اُسي وقت تک اکیلے ھین کہ ابّاجان تک نہین پہونچے گئے اور داخل حلقہ ھو

بڑا بھائي ـ اجي بس اسکو دل سے دور رکھین

[27] یان وہ نشے نہین جنھین ترشی اُتاردے

منجھلا بھائي ـ لیکن اس بگاڑ مین آپ فائدہ کیا سمجھتے ھین

بڑا بھائي ـ اور میرا نقصان ھي کیا ھي

منجھلا بھائي ـ اگر اور کچھ نقصان نہ بھي ھو تو ابّاجان کي ناخوشي کیا کچھ تھوڑا نقصان ھي

بڑا بھائي ـ [28] رنج و آزردگے غیر سبب را چہ علاج

---

[24] *Janâb main inse pahle mund-chukâ hûn*, 'I was before him, Sir, in having my head shaved.' The boy means that he was before his brother in giving proof of his allegiance to his father's commands.

[25] *Warna sitânî ba-sitam mî-rasad*, 'If you did not take by force, you got by force.' The proverb is founded on the story of the man who was forced by a robber to exchange saddles, and, when he got home, found the thief's saddle full of gold and jewels.

[26] *Barâ kufr torâ*, 'he broke in a fine bit of infidelity.' Abstract for concrete. The expression is proverbial. I have heard it applied to the conquest of a vicious colt.

[27] Translate: 'Mine is not an intoxication which acid can remove.' *Yân*, by poetic license for *yahân*, 'in this instance,' or 'in my case.'

[28] Translate: 'What cure is there for causeless sorrow and vexation?'

منجهلا بهائي - اول تو ابهي آزردگي کي نوبت نهين آئي ليکن اگر خدا نخواسته آئيگي تو لوگ اسکو بے سبب نهين کهينگے اور سبب کي ابتدا آپ کي طرف سے هوتي هي که انهون نے بلايا هي اور آپ نهين جاتے - بهلا دنيا مين کوئي باپ ايسا هوگا که فرزند اسکي نافرماني کرے اور وه ناخوش نهو

بڑا بهائي - انکو ميرے افعال سے بحث کيا اور ميرے اعمال سے تعرض کيون

منجهلا بهائي - اول تو مين يه نهين کهه سکتا که وه آپ سے کيا کهينگے ليکن [29] مانا که وهي کهين جو مجهسے اور سليم سے کها تو کيا انکو نصيحت کا اختيار اور هدايت کا منصب نهين هي

بڑا بهائي - هي ليکن حميده پر سليم پر اور تم پر کيونکه [30] بطوع خاطر انکي نصيحت سُنني چاهتے هو

منجهلا بهائي - کيون جيسے هم انکے فرزند ويسے آپ

بڑا بهائي - مين فرزند کبهي تها اب سينگ کٹاکر بچهڑون مين ملنا ميرے لئے عار هي اور مين اپنے تئين انکي حکومت سے مستثني اور انکے اختيارات سے آزاد سمجهتا هون - مجهکو ميرے حال پر رهنے دين اور ميرے نيک و بد سے معترض نهون

[31] رند خراب حال کو زاهد نه چهيڑ تو — تجهکو پرائي کيا پڑی اپني نبيڑ تو

منجهلا بهائي - [32] اسکا يه مطلب که آپ انسے قطع تعلق کرچکے

---

[31] Translate: 'O devotee, tease not the ruined rake; what hast thou to do with others? Mind thine own business.'

[32] *Iskā yeh mutlab hai*, &c., 'This means that you have already cut the connection between yourself and your father.'

[29] *Mānā*: an idiomatic use of the 'past absolute,' in the sense of our 'granted.'

[30] *Ba-tau'-i-khātir*, 'with willingness of heart'; *tau'* is the verbal of which the accusative is used in the phrase *tau'an-karhan*, at p. 13, line 1.

بڑا بھائي ۔ کیا ضرور هي کہ جب مین پھر لڑکون کي طرح مکتب مین پڑھون تب هي بیٹا کہلاون ورنہ فرزندي سے عاق کیا جاؤن

منجھلا بھائي ۔ کوئي آپ سے مکتب مین پڑھنے کے لئے نہین کہتا اور یہہ بھي امید نہین هي کہ ابّا جان آپکي بڑائي کا پاس نکرین

بڑا بھائي ۔ جبکہ مجھکو اپنا نیک و بد سمجھنے اور نفع و نقصان مین امتیاز کرنے کي عقل هي تو مجھسے یہہ کہنا کہ یہہ کرو اور یہہ مت کرو گویا مجھکو بے تمیز لڑکا بنانا هي

منجھلا بھائي ۔ کیا انسان کي راے غلطي نہین کرتي

بڑا بھائي ۔ ایسا احتمال انکي راے پر بھي هوسکتا هي همارے ابّا جان کو ایک بات کي رٹ لگ جاتي هي اب نماز روزے کا خیال آگیا هي تو بس اسیکي دھن هي ۔ چند روز بعد دیکھ لینا وهي ابّا جان هین وهي هم هین اور وهي کھیل تماشے هین

منجھلا بھائي ۔ آپ چونکہ مجھسے بڑے هین بیشک زیادہ واقفیت رکھتے هین لیکن مین بھي ابّا جان کے مزاج سے ناآشنا نہین هون ۔ اصلاح خاندان کا انکو تہ دل سے خیال هي اور اس خصوص مین انکو ایک اهتمام خاص هي مین نہین کہہ سکتا کہ انکا ارادہ متزلزل اور عزم ناپایدار هو اور آپ کے بارے مین جو کچھ انکو منظور هو مگر آپ کے سواے مین تو گھربھر مین کسیکو نہین دیکھتا کہ وہ گھر مین رهے اور اپنا پُرانا ڈھرا چھوڑے

بڑا بھائي ۔ ذرا اما جان سے اور مجھسے دو دو باتین هوجائین تو تمکو ارادے کا استحکام اور عزم کا استقلال خود بخود معلوم هوجایگا

چھوٹا بھائي ۔ امّا جان تو آج بڑي خفا بیٹھي هین

بڑا بھائي ۔ کیون

چھوٹا بھائي ۔ آپ کو نہین معلوم آپا جان سے اور اسے آج بڑي لڑائي هوئي

بڑا بهائي ـ کس بات پر

چهوٹا بهائي ـ آپا جان لڑکا حميده کو ديکر هاتهه منهه دهونے چلي گئين حميده لڑکے کو بٹها نماز پڑهنے لگي آپا جان نے نماز پڑهتي کو دهکيل ديا اسکي ناك مين تخت کي کيل لگ گئي ڈهير سا خون نکلا اسي پر تکرار هونے لگي آپا جان نے کئي مرتبه توبه توبه نماز کو برا کها اما جان نے باربار منع کيا نه مانا آخر اما جان نے تهپّڑ کهينچ مارا

بڑا بهائي ـ سچ کهو

چهوٹا بهائي ـ آپ چلکر ديکهه ليجئے آپا جان کوٹهري مين پڑي رورهي هين صبح سے کهانا نهين کهايا

منجهلا بهائي ـ واقعي کچهه لڑائي ضرور هوئي هي مين جو ابّا جان کے پاس گيا تو آتے جاتے سب کو چُپ ديکها اور سمجها که بے سبب نهين هي

بڑا بهائي ـ [33]کهين گهربهر نے متوالي کودون تو نهين کهالي ـ ابهي سے جهاد بهي شروع هوگيا ـ حميده کا نماز پڑهنا ديکهو اور ايك ذرا سي بات پر بيچاري نعيمه کے مار کهانے پر خيال کرو

منجهلا بهائي ـ ميرے نزديك توانمين سے کوئي بات بهي تعجب کي نهين ـ حميده نے نماز پڑهي تو کيا کمال کيا باتين تو بڑي بوڑهيون کي سي کرتي هے

بڑا بهائي ـ تو کيا ضرور هي که باتين بڑي بوڑهيون کي سي کرے تو نماز بهي بڑي بوڑهيون کي سي پڑهے ـ اسکي عمر گُڑيان کهيلنے اور هنڈکُلهيان پکانے کي هے نه زهد ومُراقبه کي

---

a negative commonly follows an expression of apprehension. *Kahîn* is the vaguest of particles, and often serves to give a tone of indefiniteness to a remark, without being capable of translation in English. Comp. Ch. X. 34.

[33] *Kahîn ghar bhar ne*, &c. The exclamation is elliptical, and some such phrase as *khiyâl hai* (see Note 59 below) may be supplied. Translate: 'Surely the whole family has eaten some intoxicating grain!' As in French,

منجهلا بهائي - کیا یہ ایسي مشکل بات هي کہ حمیدہ اسکو نہین سمجهہ سکتي

بڑا بهائي - مار مارکر سمجهایا جائي تو شاید[34] صدرہ و شمس بازغہ کو بهي کهدیگي کہ هان مین سمجهہ گئي

منجهلا بهائي - [35]لیکن اسکو تو مار نہین پڑتي

بڑا بهائي - ایك کو پٹي تو گویا سبهي کو پٹي - جب نعیمہ هي کو اما جان نے تهپڑ کهینچ مارا تو اب کسکي عزت رهگئي بڑي بیٹي بیاهي هوئي صاحب اولاد کو مارنا یہ شرافت دیندارانہ هي

[36]نے کعبے نے دیر کے قابل مذهب انکا سیر کے قابل

سلام هي ایسے دین کو کہ انسان اپنے آپے سے باهر هوجائے اور دنیا کے نیك و بد پر کچهہ نظر نکرے - آخر یہ خبر ممکن نہین کہ اسکي سسرال نہ پهونچے [37]سمدهیانے والے کیا کہینگے غیرت هو تو گهربهر چلو پاني مین ڈوب مرین حیا هو تو کنبے مین منهہ نہ دکهائین - اسي پر تم مجهکو ابا جان کے پاس جانے کي رائے دیتے هو اگر کہین مجهپر بهي ایسا هي دستِ شفقت پهیر دیا تو پهر

[38]این منم کاندر میان خاك و خون بیني سرے

will her husband's people say? If they had any sense of shame, the whole family would drown themselves in a handful of water.' The expression is proverbial, and expresses an extravagant feeling of injury, especially at the loss of *'izzat*, which is a constant cause of suicide among the women.

[38] This is the second line of a distich from the *Gulistân* (i. 3). I translate the whole to show

[34] *Sudra wa Shams-Bâzga*: the names of two well-known works of the Arabian school, which are considered the acme of scientific knowledge among Mahomedans.

[35] *Lekin usko to mâr nahîn partî (thî)*, 'but it was not Hamîda who was beaten.'

[36] Translate: 'nor fit for the *Ka'ba* nor the convent—their religion is a sight to see.' For *Ka'ba*, see Note 83 below.

[37] *Samdhiyâne-wâle*, &c., 'What

اور مجهکو نعیمہ کے جانبر هونے کي بهي امید نهین

سُن لیجیوکہ آج اگرهی توکل نهین

منجهلا بهائی - اس بات کا مجهکو بهي تعجب هي لیکن جب تک امّاجان کے منهہ سے تمام کیفیت نہ سن لون مین نهین کهہ سکتا کہ انهون نے بیجا کیا یا بجا کیا

بڑا بهائي - [39] تمهارے ساتهہ یهہ معاملہ هوا هوتا اور پهر تم بیجا اور بجا مین تردّد رکهتے تو مین تمکو خلفِ ارشد اور فرزندِ سعادتمند جانتا

جسپہ بیتی هو یهہ وهی جانے　　　جو کہ بیدرد هو وہ کیا جانے

بهائي بهائي یهي باتین کررهے تهے کہ اتنے مین رسولن نامي لونڈي دوڑي آئي اور علیم سے کہا کہ میان پوچهتے هین [40] میري بات کا جواب تمنے هَست نِیست کچهہ ندیا - رسولن کو تو علیم نے یهہ کهکر رخصت کیا کہ تو چلکر کهہ کہ ابهي آتے هین اور بڑے بهائي سے کہا کہ ابّاجان آپ کے منتظر بیٹهے هین - مجهکو حیرت هي کہ آپکو تردد کس بات کا هي

---

forms of the 'past conditional.' The time denoted by *hûâ hotâ* is indefinitely *antecedent* to that denoted by *rakhte*. Comp. Ch. VIII. 66.

The lines which follow the sentence above translated are from *Jân Sâhib*.

[40] *Merî bât kâ jawâb tumne hast nist kuchh na diyâ*, 'You have not answered my message either in the affirmative or negative.' A few lines below we have *jawâb men kuchh hân yâ nahîn kahnâ châhi'e*, 'he ought to say either 'yes' or 'no' in answer.

the connection: 'I am not one whose back you will see in the day of battle; I am one whose head you will see covered with dust and gore.'

[39] *Tumhâre sâth yeh mu'âmala hûâ hotâ*, &c., 'If you had been treated in this way yourself, and (after thinking the matter over) had hesitated to say whether you had been wrongly or rightly treated, I should have put you down as a marvellously good son indeed!' This sentence is a useful illustration of the temporal value of the first and third

بڑا بھائي - مين انکے مزاج سے خائف اور اپني عادت سے مجبور هون

منجهلا بهائي - ليکن جانے مين جس بات کا احتمال هي نہ جانے مين اسکا تيقن هي

بڑا بهائي - احتمال تمکو هي نہ مجهکو مين سمجهے هوئے بيتها هون کہ [41] بالاخانے پر چڑها اور آفت نازل هوئي

منجهلا بهائي - مين زياده اصرار کرنا بهي مناسب نهين سمجهتا آپکو اختيار هي جو چاهئے سو کيجئے ليکن اتنا پهر کہے ديتا هون کہ اسکا انجام بخير نهين معلوم هوتا - بهتر هوگا آپ کسي دوسرے کے هاتهہ کہلا بهيجئے

بڑا بهائي - ليکن مجهسے انهون نے پوچها نهين تو مين کيون کہلا بهيجون

منجهلا ايسا روکها جواب سنکر چلا - بيچاره عجب ضغطے مين تها کہ ادهر باپ نے بتاکيد پوچهہ بهيجا هي تو جواب مين کچهہ هان يا نهين کهنا چاهئے اور چونکہ سمجهہ چکا تها کہ نجانا بهائي کي هميشہ هميشہ تباهي کا موجب هوگا اندر سے جي نهين مانتا تها کہ اسکي بربادي کي بات منهہ سے نکالے اسي گهبراهت مين دوڑا هوا مان کے پاس گيا اور کہا کہ اماجان [42] غضب هوا چاهتا هي - مان بيچاري نعيمہ کے سوچ مين بيتهي هوئي تهي کيونکہ کوتهري مين فرش پر ايک حالت سے پڑے پڑے نعيمہ کو سارا دن گذرا نہ تو اسنے سر اتهايا نہ کوئي چيز اسکے منهہ مين گئي مان نے گلوريان خاصدان مين بهرواکر

verb denotes the immediateness and certainty of the result.

[42] *Gazab hūâ chāhtâ hai*, 'Something awful is about to happen.' Comp. the expression at Ch. II. 48. For the compound verb, see Kellogg, § 356.

[41] *Bâlâ-khâne par charhâ aur âfat nâzil hûî*, 'When I mounted to the upper chamber, misfortune descended.' The past tense here expresses an imaginary realization of the idea in the speaker's mind, and *aur* with the second

پاس رکھوادین تھین وہ بھي سب اُسي طرح رکھي رکھي [43] سوکھا کین [44] پاني اور کھانے کا کیا مذکور۔ صالحہ کو جو بلوایا تھا تو [45] ایک یون ھي سا پیام کہلابھیجا تھا وھان سے جواب آیا کہ آج شام کو گھر مین مولوي صاحب کا وعظ ھي انشاءالله کل بڑے تڑکے نماز صبح پڑھکر مین پھونچون گي

اسي اضطراب مین میان علیم نے جو ایکدم سے جاکر کہا کہ غضب ھوا چاھتا ھي مان کا کلیجہ دھك سے ھوگیا اور [46] سمجھي کہ نعیمہ کي خیر نہین گھبراکر پوچھا۔ کیا

بیٹا۔ بھائي جان کو ابا جان [47] چار گھڑي دن رھے سے بلارھے ھین [48] یہہ وقت ھونے آیا نہین جاتے [49] مین مردانے مین پردہ کرادون آپ ذرا چلکر سمجھا دیجئے شاید مان جائین مین تو کہکر تھك گیا

فہمیدہ کا حال یہہ تھا کہ نعیمہ سے بدتر اسکي کیفیت تھي لوگون کے دکھانے کو دسترخوان پر بیٹھہ تو گئي تھي مگر ایك دانہ حلق سے نہین اترا جیسي بیٹھي تھي ویسي ھي [50] منھ جھٹلاکر اُٹھ کھڑي ھوئي باربار کسي نہ کسي بہانے سے کوٹھري کے پاس جاتي

‘since half-past four,’ if sunset was at six.

48 *Yeh waqt hone (ko) âyâ, nahîn jâte*, ‘It is evening now, and yet he does not go.’

49 *Main mardâne men parda karâdûn*, ‘Let me make the *mardâna* private’; meaning that he would turn out all the strange men and servants who happened to be there, so that his mother might come to remonstrate with Kalîm.

50 *Munh jhutlâkar*, ‘having made a pretence of eating.’ The phrase applies to dissembling of the countenance generally.

43 *Sûkhâ-kîn*, ‘kept getting dry.’ For remarks on this intransitive compound, see Ch. I. 42.

44 *Pânî aur khâne kâ kyâ mazkûr*, ‘it is unnecessary to say she has not touched food.’ She has not touched the *pân* —*à fortiori* she has not taken food.

45 This phrase has been explained at Ch. I. 51.

46 *Samjhî kih Na‘îma kî khair nahîn*, ‘she thought it was bad news of Na‘îma.’

47 *Chár gharî din rahe se*, ‘from the time when four *gharî* of the day were left,’ that is,

کواڑون کے پاس کھڑي هو هوکر درزون مين جهانکتي اور نعيمہ کے رونے
کي آهٹ ليتي گهروالون مين سے جو سامنے آنکلتا اسکو بهيجتي
کہ جاؤ هوسکے تومناؤ ليکن کسيکو اتنا جبهہ نہ تها کہ کوٹهري کے اندر
قدم رکهتا - بيدارا جسنے نعيمہ کو پالا تها اور هر طرح کا دعوي
رکهتي تهي لڑکے کو ليکر دودهہ پلوانے کے بهانے سے پاس جاکر بيٹهي .
ابهي منهہ سے بات بهي نهين کهنے پائي تهي کہ [51] نعيمہ نے ايك ايسي
دولتّي چلائي کہ [52] بيدارا کئي لُڑکنيان کهاکر گيند کيطرح لڑکتي
لُڑکاتي باهر آکر گري خدا نے بڑي خير کي کہ لڑکا نهالچے سميت
گود سے نکل پڑا ورنہ اتني دور مين نهين معلوم [53] کيا سے کيا هوجاتا -
بيدارا کي مدارات ديکهکر پهر تو جس سے فهميده کوٹهري مين جانے
کا نام ليتي وہ [54] کانون پر هاتهہ دهرتي کہ نہ بيوي ميري هڈيون مين
تو خدا کي لاٹهي سهارنے کا بوتا نهين هي - چاهتے سب تهے کہ
نعيمہ کو منائين مگر کوٹهري مين جانے سے ايسا ڈرتے تهے کہ گويا
اندر کالي ناگن بيٹهي هي [55] پانٔون رکها اور اسنے ڈس ليا

باهر [56] اس ذرا سے فتنے يعني نعيمہ کے بچے نے آفت توڑ رکهي

---

[51] *Na'îma ne ek aisî dû-latti chalâî*, 'Na'îma gave her such a violent kick,' as it were, a horse's kick with both heels.

[52] *Bedârâ ka'î lurakniyân khâ-kar gend kî trah lurakti-lurkâtî bâhar âkar girî*, 'Bedâra, rolling over and over like a ball with many a roll, tumbled outside the room.' Here we have another instance of the union of the causal with the simple verb to express completeness. See Ch. I. 95.

